© rasailojaraid.com

## اعلان داخلہ ضمنی امتحان ونظر ثانی

☆...... وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے سالانہ امتحان 1439ھ کے پرچہ جات پر نظر ثانی کی درخواستیں 29 شوال المکرّم تک وصول کی جائیں گی۔ نظر ثانی دو مراحل میں مکمل ہوگی۔ 10 شوال المکرّم تک وصول ہونے والی درخواستوں پر 20 شوال المکرّم تک نظر ثانی کی جائے گی۔

☆...... نظر ثانی کی درخواست میں طالب علم کا نام، رقم الجلوس، درجہ اور متعلقہ پرچے (جس پر نظر ثانی مطلوب ہے) کا نام ضرور تحریر کریں۔ نظر ثانی کی درخواست ''وفاق المدارس'' کے مروجہ نظر ثانی فارم یا مدرسہ کے لیٹر پیڈ پر قابل قبول ہوگی۔ کوشش کی جائے کہ مروجہ نظر ثانی فارم ہی استعمال کیا جائے۔ نظر ثانی فارم ''وفاق المدارس'' کی ویب سائٹ پر موجود ہے۔ ایک پرچہ پر نظر ثانی کی فیس متعلقہ درجہ کی مکمل داخلہ فیس کے مساوی ہے۔

☆...... ضمنی امتحان 4، 5، 6 اگست 2018ء مطابق 21، 22، 23 ذیقعدہ 1439ھ بروز ہفتہ، اتوار، پیر منعقد ہوگا۔ داخلہ 14 جولائی مطابق 29 شوال تک وصول کیا جائے گا۔ ضمنی امتحان کے روزانہ (صبح شام) دو پرچے ہوں گے۔ ضمنی امتحان میں راسب طلبہ وطالبات بھی شرکت کرسکتے ہیں۔

### ''وفاق'' کی قدیم فاضلات کا امتحان

قدیم فاضلات وفاق کا امتحان 5 اگست 2018ء مطابق 22 ذیقعدہ 1439ھ بروز اتوار منعقد ہوگا۔

☆...... ایسی فاضلات جنہوں نے ثانویہ عامہ سے پہلے میٹرک کا امتحان پاس کیا ہے، ان سے سابقہ نصاب کی تکمیل کے لئے ایک امتحان لیا جائے گا۔ یہ فاضلات اپنی میٹرک کی سند کی مصدقہ نقل داخلہ فارم کے ساتھ لف کریں۔

☆...... ایسی فاضلات جنہوں نے عامہ سے پہلے میٹرک پاس نہ کیا ہو، ان سے سابقہ نصاب کی تکمیل کے لئے دو امتحان لیے جائیں گے۔ پہلے امتحان کے وقت، طالبہ کی عمر 18 سال ہونا ضروری ہے۔ جبکہ یہی فاضلات، پہلے امتحان سے دو سال کے وقفے کے بعد دوسرا امتحان دے سکیں گی۔ دوسرے امتحان کے داخلہ فارم کے ساتھ فاضلات سال اول پر جاری ہونے والی درجہ عالیہ کی نئی سند کی نقل لف کرنا ضروری ہے۔

☆...... داخلہ فارم کے ساتھ تمام اصل اسناد مع کشف الدرجات اور شناختی کارڈ یا فارم ''ب'' کی مصدقہ کاپی لف کرنا ضروری ہے۔

☆...... قدیم فاضلات کے داخلہ فارم 20 جولائی تک دفتر وفاق کو بھیجے جا سکتے ہیں۔

### داخلہ فیس قدیم فاضلات

☆...... میٹرک پاس قدیم فاضلات (جو ایک ہی امتحان دیں گی) کی امتحانی فیس 3000 روپے ہوگی جبکہ غیر میٹرک فاضلات کیلئے پہلے امتحان کی فیس 2000 روپے اور دوسرے امتحان کی فیس 1500 روپے ہوگی۔

© rasailojaraid.com